بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور

مراسلہ نمبر:۔110۔رجسٹریشن

مورخہ 12۔ستمبر۔2024ء

﴿ ترمیم شدہ-II نوٹیفکیشن ﴾

(ریگولر طلباء/طالبات)

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات الحاق شدہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ آن لائن رجسٹریشن / داخلہ شیڈول برائے جماعت گیارہویں (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024ء-2026

تمام متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ ادارہ جات کی سہولت کے پیش نظر پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئر پرسن (PBCC) کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024-2026 کی آن لائن رجسٹریشن / داخلہ میں تواریخ کی توسیع کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔بورڈ اجلاس منعقدہ 26.07.2024 کے فیصلہ کی روشنی میں رجسٹریشن فیس مبلغ -/1150 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ -/870 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/280 روپے ٹوٹل فیس مبلغ -/2300 روپے فی طالب علم / طالبہ مقرر کی گئی ہے جو کہ فوری طور پر نافذ العمل ہیں۔

سیریل نمبر	شیڈول	ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
(i)	رجسٹریشن / داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس	01 اگست 2024 تا 30 ستمبر 2024
(ii)	-/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم / طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن / داخلہ (لیٹ فیس بورڈ کو واجب الادا ہوگی)	01 اکتوبر 2024 تا 20 اکتوبر 2024
(iii)	ادارہ جات میں درج بالا تواریخ تک داخل کیے گئے طلباء / طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم / طالبہ اور یومیہ جرمانہ مبلغ -/600 روپے فی گروپ / Per Batch کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ	ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی نہ ہی BATCH بن سکے نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان طلباء / طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم / طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/600 روپے PER BATCH/GROUP کے ساتھ انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2025 کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق تین گنا فیس (Triple Fee) کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

﴿ہدایات﴾

درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن / داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔رجسٹریشن ریٹرن لیگل سائز (8.5x14) صفحہ پر اور لینڈ سکیپ (LAND SCAPE) میں پرنٹ کریں۔بصورت دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔گیارہویں جماعت (Class XI) کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت طالب علم / طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند / رزلٹ کارڈ / O-Level ایکویلینس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) کے مطابق اندراج کریں۔دفتر ہذا ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم / طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر کی ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لیے منگوا سکتا ہے۔سربراہان ادارہ جات سے گزارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ پر دیے گئے راہنمائی "کتابچے" (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ فرمائیں اور ان پر سختی سے عمل پیرا ہوں۔

ضروری تاکید:۔ سربراہان ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آن لائن کیے گئے طلباء / طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی (بمعہ اصل بینک چالان / مالیاتی فارم) تحریر بالا شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔

سیکرٹری